# پانچویں زیارت

!معتبر سند سے نقل ہوا ہے کہ امام موسیٰ کاظمؑ نے ابراہیم بن ابی البلاد سے فرمایا کہ جب تم امام حسینؑ کی زیارت کو جاتے ہو تو وہاں کیا پڑھتے ہو؟ اس نے کہا کہ میں یہ کہا کرتا ہوں:

**اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَابْنَ رَسُولِ اللهِ أَشْهَدُ أَنَّکَ قَدْ أَقَمْتَ الصَّلاةَ**

آپ پر سلام ہو اے ابو عبداؑ للہ آپ پر سلام ہو اے رسولؐ اللہ خدا کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز

**وَآتَيْتَ الزَّكَاةَ وَأَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَدَعَوْتَ إِلى سَبِيلِ رَبِّکَ بِالْحِكْمَةِ**

قائم کی زکوٰۃ ادا کی ہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برائیوں سے منع فرمایا آپ نے لوگوں کو اپنے رب کے راستے

**وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، وَأَشْهَدُ أَنَّ الَّذِينَ سَفَكُوا دَمَکَ وَاسْتَحَلُّوا حُرْمَتَکَ مَلْعُونُونَ مُعَذَّبُونَ**

کی طرف بلایا دانشمندی اور بہترین نصیحت کے ساتھ میں گواہی دیتا ہوں یقیناً ان لوگوں نے آپ کا خون بہایا اور آپ کی بے احترامی کی

**عَلَى لِسَانِ داوُدَ وَعِيسَى بْنِ مَرْيَمَ ذلِکَ بِما عَصَوْا وَكانُوا يَعْتَدُونَ** اس پر حضرت نے فرمایا یہ صحیح ہے۔

وہ نافرمانی اور ظلم کی وجہ سے داؤدؑ اور عیسیٰؑ بن مریم (س) کی زبان مبارک پر لعنتی اور عذاب والے ہیں۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com